© rasailojaraid.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| ادارہ | جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گھوڑہ میں عظمتِ حدیث کانفرنس | جولائی، اگست | 43 |
| ادارہ | مرکزی جامع مسجد اہل حدیث خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ | جولائی، اگست | 43 |
| ادارہ | موضع جمر غال ضلع جہلم میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ | ستمبر، اکتوبر | 46 |
| ادارہ | جامع مسجد فہد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن میں تبلیغی واصلاحی پروگرام | ستمبر، اکتوبر | 46 |
| ادارہ | جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں سیرت امام اعظم ﷺ کانفرنس | ستمبر، اکتوبر | 46 |
| ادارہ | مرکزی جامع مسجد اہل حدیث اسلام گڑھ میں اہل حدیث کانفرنس | نومبر، دسمبر | 44 |
| ادارہ | جامع مسجد العقیل اہل حدیث مظفر ٹاؤن میں جلسہ سیرت شافع محشر ﷺ | نومبر، دسمبر | 44 |
| ادارہ | جامع مسجد محمدی اہل حدیث محمدی چوک میں توحید وسنت کانفرنس | نومبر، دسمبر | 44 |



# اخبار الجامعة والجماعة

## مرکزی جامع مسجد گنبد والی اہل حدیث اسلام گڑھ (میر پور) میں عظیم الشان اہل حدیث کانفرنس

مورخہ 21 نومبر بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز عشاء مرکزی جامع مسجد گنبد والی اہل حدیث اسلام گڑھ (میر پور) آزاد کشمیر میں عظیم الشان اہل حدیث کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے کی۔ کانفرنس سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، مولانا قاری اعظم عارف خطیب میر پور، حافظ عبدالستار حامد امیر مرکزیہ پنجاب، مولانا حافظ عبدالعلیم یزدانی خطیب اعظم جھنگ اور پروفیسر ڈاکٹر عبدالغفور راشد آف لاہور نے خطاب کیا۔

## جامع مسجد العقیل اہل حدیث مظفر ٹاؤن (چونترہ) جہلم میں عظیم الشان جلسہ سیرت شافع محشر ﷺ

مورخہ 19 نومبر بروز بدھ بعد از نماز عشاء جامع مسجد العقیل اہل حدیث مظفر ٹاؤن (چونترہ) جہلم میں عظیم الشان جلسہ سیرت شافع محشر ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد طیب متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا۔ حمد ونعت متعلمین جامعہ محمد الیاس گوندل اور محمد سلیمان شاہ نے پیش کی۔ جلسہ سے مولانا قطب شاہ، مولانا حافظ انعام اللہ کنجاہی اور مناظر اسلام مقرر شیریں بیان حضرت مولانا محمد نواز چیمہ نے مفصل خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔



© rasailojaraid.com